بیان

01 ستمبر، 2023

البرٹا ڈے(Alberta Day): پریمیئر اسمتھ (Premier Smith)

پریمیئر ڈانیال اسمتھ (Premier Danielle Smith) نے البرٹا ڈے (Alberta Day) کو مناتے ہوئے مدرج ذیل بیان جاری کیا:

"ہمارے پاس البرٹا میں فخر کرنے کے لیے بہت کچھ ہے۔ البرٹا زندگی کے کئی شعبوں سے تعلق رکھنے والے لاکھوں لوگوں کا گھر ہے، اور ہر شخص اس بھرپور تانے بانے کا حصہ ہے، جو ہمیں اس قدر مضبوط بناتا ہے۔ " 1 ستمبر، 1905 سے ہم کنفیڈریشن (Confederation) کے قابل فخر، حصہ ڈالنے والے رکن رہے ہیں۔ برسوں سے ہم اخلاقی نوعیت کے اور صاف توانائی پیدا کرنے میں عالمی رہنما رہے ہیں۔ ہماری جڑیں مضبوط ہیں – سودیشی (انڈیجنس) اور میٹس کمیونیٹیز جنہوں نے صدیوں سےاس جگہ کو اپنا گھر کہا ہے، کسانوں اور زرعی یا مویشی پالنے والوں (رینچرز) سے جنہوں نے ہماری زرعی صنعت کو بڑھا کر عالمی شہرت تک پہنچایا۔ ہم فنکاروں اور اختراع کرنے والوں کے لیے ایک گھر ہیں، اور ہم دنیا بھر کے خاندانوں، مسافروں اور سرمایہ کاروں کے لیے ایک منزل ہیں۔

"البرٹا ڈے (Alberta Day) ہم سب کو موقع دیتا ہے کہ اس بارے میں جشن منائیں کہ ہم کون ہیں، اس کا جائزہ لیں کہ ہم کہاں سےآئے ہیں اور جو ہم نے حاصل کیا ہے اس پر فخر کریں۔

"آج کا دن سال بہ سال، ہمارے صوبے کی کہانی سنانے، اورہمارے شاندار ثقافتی ورثے کی قدر کرنے کے بارے میں ہے۔ یہ اپنی انفرادی تاریخوں کو اکھٹا کرنے اور ان پر فخر کرنے، اور ہمارے ساتھی البرٹنز کے ہنر اور شراکت کو پہچان دینے کا موقع ہے۔

"ایک ساتھ مل کر، ہم ایک تقریب میں شرکت کر کے، ہیش ٹیگ البرٹا ڈے (hashtag #AlbertaDay) کا استعمال کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر اپنے تجربات کو شیئر کرکے، یا اپنے عجائب گھروں اور ورثے کی جگہوں میں سے کسی ایک میں اپنی کہانیوں کی گہری سوچ میں ڈوب کر، کہ ہم کون ہیں اور کہاں سے آئے ہیں، اس عظیم صوبے کو عزت بخش سکتے ہیں اوراس کا جشن منا سکتے ہیں ۔

"آج کے دن، 118 سال پہلے، البرٹا ایک صوبہ بنا۔ میں امید کرتی ہوں کہ ہر البرٹن ان تہواروں سے لطف اندوز ہونے اور البرٹا ڈے (Alberta Day) کو منانے کا وقت نکال سکے!"

متعلقہ معلومات

- البرٹا ڈے (Alberta)